SUN.2.March.2025
VOLUME:20 NO:55
Mob:8055362952
Price: 3=00
Pages:4

Established May 1994 :قائم شدہ:مئی

# ورقِ تازہ ناندیڑ

RNI No. MAHURD/2006/16935
ناندیڑ اور پربھنی سے علاحدہ ایڈیشن کی اشاعت
waraquetaza.com
waraquetaza.com/E-paper

بروز اتوار 2/مارچ 2025
جلد:20 شمارہ: 55
یکم/رمضان المبارک 1446ھ
قیمت 00=3روپے
صفحات:4

THE WARAQU-E-TAZA URDU DAILY NANDED
waraquetazadaily@rediffmail.com–Email:waraquetazadaily@yahoo.co.in
HON'RY EDITOR:Mohd.Taqui (M.A,B.Ed) اعزازی مدیر: محمد تقی (ایم۔اےبی۔ایڈ)

Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MUSKAN JEWELLERS
مُسکان جیولرس
سونے کے زیوارت کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔

الحاج قاضی نوید محی الدین صدیقی
M.: 9960532993
7249532993
KANGAN JEWELLERS
کنگن جویلرس
اسحاق ٹاور، صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔
ہمارے پاس ترکش، کویتی، عربی سونے کے زیورات تیار اور آرڈر کے مطابق بنا کردیئے جاتے ہیں۔

Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MUSKAN JEWELLERS
مُسکان جیولرس
سونے کے زیوارت کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔

## سرنگ حادثہ میں 8 مزدوروں کی موت

### ریاستی وزیر جوپلی کرشناراؤ کا اعلان، 4 نعشوں کی نشاندہی، مابقی 4 کا آج پتہ چل جائے گا

حیدرآباد یکم : مارچ (سیاست نیوز) ریاستی وزیر ایکسائز وسیاحت جوپلی کرشناراؤ نے اعلان کیا کہ سرنگ میں پھنسے 8 مزدوروں کی موت واقع ہوگئی ہے۔ آج صبح سرنگ حادثہ کے مقام پر وزراء اتم کمار ریڈی، جوپلی کرشناراؤ، چیف سکریٹری شانتی کماری نے پہنچ کر راحت کاری کے اقدامات کا جائزہ لیا۔ میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات بتائی۔ اسمبلی حلقہ اچم پیٹ کے کانگریس رکن اسمبلی ومشی کرشنا بھی موجود تھے۔ ریاستی وزیر جوپلی کرشناراؤ نے کہا کہ سرنگ حادثہ کے راحت کاری اقدامات میں کوئی غفلت نہیں برتی گئی۔ حکومت کی جانب سے بڑے پیمانے پر اقدامات کئے گئے۔ گزشتہ 8 دن سے 12 ریسکیو ٹیمس راحت کاری کے اقدامات میں مصروف ہیں۔ عصری ٹکنالوجی کے ذریعہ تلاشی پر پتہ چلا کہ 8 مزدور اپنی زندگیوں سے محروم ہوگئے۔ وہ 99 فیصد یہ کہہ سکتے ہیں کہ مزدور فوت ہوچکے ہیں۔ صرف ایک فیصد کچھ کہا نہیں جاسکتا۔ 4 مزدوروں کی نعشیں کیچڑ میں 3 فیٹ اندر ہونے کی نشاندہی کی گئی ہے۔ کل تک مزید 4 نعشوں کی نشاندہی کرلی جائے گی۔ چند گھنٹوں میں یہ آپریشن مکمل ہوجائے گا۔ بہت جلد تمام نعشوں کو باہر لالیا جائے گا۔ مزدوروں کو بچانے حکومت سے ہر ممکنہ کوشش کی گئی لیکن اپوزیشن کی جانب سے غفلت اور لاپرواہی کرنے کا حکومت پر جو الزام عائد کیا جارہا ہے وہ بے بنیاد ہے اس میں کوئی سچائی نہیں ہے۔ سرنگ میں بور مشین سے کٹ کرکے راحت کاری اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اپوزیشن جماعتیں من مانی الزامات عائد کررہی ہیں جس پر جوپلی کرشناراؤ نے برہمی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس مقام پر حادثہ پیش آیا ہے وہاں 2.9 میٹر بلندی پر کیچڑ بھرا ہوا ہے۔ اس کو ہٹا کر نعشوں کو تلاش کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ان راحت کاری کاموں میں این ڈی آر ایف، ایس ڈی آر ایف، آرمی، نیوی، سنگارینی، ریاڈ ہول، بینارس، ریلوے ریسکیو ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ رکن اسمبلی ومشی کرشنا نے کہا کہ سرنگ حادثہ میں 8 مزدوروں کا ہلاک ہوجانا افسوسناک ہے۔ راڈار کے ذریعہ پتہ چلا کہ 4 نعشیں ایک ہی جگہ موجود ہیں۔ وہاں کھدائی کا کام جاری ہے۔ کل دوپہر تک دوسری نعشوں کا بھی پتہ چل جانے کا قوی امکان ہے۔2

## '500 روپے کے نقلی نوٹ بازار میں ڈیلیوری کے لیے تیار!'

### پریانک کھڑگے نے پی ایم مودی کو ایک تلخ سچائی سے کرایا واقف

نئی دہلی: کرناٹک حکومت میں وزیر اور کانگریس لیڈر پریانک کھڑگے نے ہفتہ کے روز وزیر اعظم نریندر مودی کی توجہ ایسے انسٹاگرام ریلز کی طرف مبذول کرائی جن میں جعلی کرنسی نوٹوں کی فروخت کی تشہیر کی گئی ہے۔ پریانک نے اس تعلق سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر ایک پوسٹ کیا ہے جس میں پی ایم مودی سے مخاطب ہوتے ہوئے لکھا ہے کہ ''نریندر مودی جی، جعلی کرنسی صرف ایک فون کال کی دوری پر (دستیاب) ہے۔'' ساتھ ہی وہ لکھتے ہیں کہ ''آپ نے ہم ہندوستانیوں کو بتایا تھا کہ نوٹ بندی کی بنیادی وجہ جعلی کرنسی سے مقابلہ کرنا ہے۔ اس کے بعد بھی اب ایسے حالات ہیں کہ سوشل میڈیا پر 500 کے نقلی نوٹوں کی چھپائی اور فروخت کو برسرعام فروغ دینے والی ویڈیوز دیکھ رہے ہیں۔'' پریانک کھڑگے نے سوشل میڈیا پوسٹ میں اس بات پر روشنی ڈالی کہ مرکزی وزیر مالیات نرملا سیتارمن نے پارلیمنٹ میں انکشاف کیا تھا کہ 'مہاتما گاندھی (نئی) سیریز' کے نقلی 500 روپے کے نوٹوں میں 19-2018 اور 24-2023 کے درمیان 400 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ پھر وہ پی ایم مودی سے سوال پوچھتے ہیں کہ ''یہ کون لوگ ہیں؟ یہ جعلی نوٹ چھاپنے کی مشینیں کہاں سے حاصل کرتے ہیں؟ جعلی کرنسی کی سرحد پار سے سپلائی کے خلاف آپ کی لڑائی کا کیا ہوا؟'' پریانک کھڑگے کا سوال یہیں پر ختم نہیں ہوتا، بلکہ وہ یہ بھی پوچھتے ہیں کہ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ ملک میں جعلی کرنسی نوٹوں کی بڑھتی تعداد سے نمٹنے کے لیے کیا کررہے ہیں؟ وہ سوال اٹھاتے ہیں کہ ''کیا مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی توجہ صرف اپوزیشن لیڈروں کو ہدف بنانے اور منتخب حکومتوں کو گرانے پر مرکوز ہے؟ وہ جعلی کرنسی کی اندھا دھند گردش کے خلاف کارروائی کرنے اور قانونی اقدامات کو نافذ کرنے میں کیوں ناکام ہورہے ہیں؟'' کانگریس لیڈر نے اس بارے میں بھی تشویش کا اظہار کیا کہ کس طرح مجرم انسٹاگرام اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر جعلی کرنسی نوٹوں کی کھلے عام تشہیر کرنے میں کامیاب ہیں۔ انھوں نے سوال کیا کہ آخر حکومت اس طرح کی سرگرمی کے خلاف کیا کررہی ہے؟ وہ پوچھتے ہیں کہ ''اگر ان جعلی نوٹوں کو فروخت کرنے کے لیے انسٹاگرام اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کا استعمال کیا جاسکتا ہے، تو آپ کی ایجنسیاں اس کی نگرانی کیوں نہیں کررہی ہیں؟ اس معاملے میں مرکزی وزیر مالیات کی مالیاتی خفیہ یونٹ اور آر بی آئی کی پیش رفت کیا ہے؟'' پریانک کھڑگے نے سوشل میڈیا پوسٹ کے ساتھ کچھ ویڈیوز بھی منسلک کی ہیں، اور ایک ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ایک بڑی پرنٹنگ مشین 500 روپے کے جعلی نوٹوں میں رنگ بھر رہے ہیں۔ اس سے وہ اصلی نوٹوں سے بہت مشابہ ہوجاتے ہیں۔ ویڈیو میں یہ لکھا بھی دیکھا جاسکتا ہے کہ 'بکنگ کے لیے دستیاب نئے اسٹاک'۔ ایک دیگر ویڈیو میں ایک شخص نظر آرہا ہے جو ایک کارٹن سے 500 روپے کے نوٹوں کا ڈھیر لے رہا ہے اور مشین کے ذریعے اس کا شمار کررہا ہے۔ مزید ایک ویڈیو میں ایک شخص کو 500 روپے کے نوٹ گنتے ہوئے دکھایا گیا ہے، جس کی سرخی ہے 'آل انڈیا ڈیلیوری دستیاب ہے'۔

## اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی کے دوسرے مرحلے کا مذاکرہ ناکام، حماس ترجمان نے دی اطلاع

غزہ: اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی کے دوسرے مرحلے کی بات چیت ناکام ہوتی نظر آرہی ہے۔ اسرائیل اور حماس کے درمیان کامیاب پہلے مرحلے کی جنگ بندی کے بعد دوسرے مرحلے کے لیے ہفتہ (1



مارچ) کو مذاکرہ ہونا تھا، لیکن حماس نے آفیشیل طور پر اس مذاکرہ کے ناکام ہونے کا اعلان کر دیا ہے۔ دوسرے مرحلے کے مذاکرات کی ناکامی کی ذمہ داری حماس کے ترجمان حازم قاسم نے لی ہے۔ علاوہ ازیں حازم قاسم نے 'العربی ٹی وی' کو اس سلسلے میں بتایا کہ جنگ بندی کے دوسرے مرحلے کی فی الحال کوئی بات چیت نہیں ہوئی ہے۔ اسی درمیان حوثی لیڈر عبد المالک الحوثی نے اسرائیل کو جنگ کی دھمکی دی ہے۔ انہوں نے اعلان کیا ہے کہ اگر غزہ میں دوبارہ جنگ شروع ہوئی تو ہم فوجی مداخلت کریں گے۔ آیئے ذیل میں جاننے کی کوشش کرتے ہیں کہ اسرائیل-غزہ جنگ بندی کے دوسرے مرحلے کے کیا مقاصد تھے؟ اور پہلا مرحلہ کتنا کامیاب رہا تھا؟ علاوہ ازیں حوثی نے اسرائیل کے حوالے سے کیا کہا؟

## تیجسوی یادو کا نتیش کمار پر طنز- 'جب 15 سال پرانی گاڑی نہیں چلتی تو

### 20 سال پرانی حکومت کیوں چلے گی؟'

پٹنہ: بہار اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اور سابق نائب وزیر اعلیٰ تیجسوی یادو نے وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی حکومت پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جب 15 سال پرانی گاڑی کے چلنے کی اجازت نہیں ہے تو 20 سال پرانی حکومت کیوں جاری رہے؟ دراصل، اس سال بہار میں اسمبلی انتخابات ہونے والے ہیں، جس کے پیش نظر سیاسی بیان بازی تیز ہوگئی ہے۔ اسی سلسلے میں راشٹریہ جنتا دل (آر جے ڈی) کے لیڈر تیجسوی یادو نے این ڈی اے حکومت پر حملہ کیا ہے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر لکھا، ''بہار میں 15 سال پرانی گاڑی چلانے کی اجازت نہیں ہے کیونکہ وہ زیادہ دھواں چھوڑتی ہے، آلودگی بڑھاتی ہے اور عوام کے لیے نقصان دہ ہے، تو پھر این ڈی اے کی 20 سال پرانی جوڑ توڑ، پلٹا پلٹی والی خستہ حال حکومت کیوں چلے گی؟ گزشتہ 20 سالوں میں نتیش حکومت نے بہار کے ہر گلی، ہر محلے اور ہر گاؤں میں غربت، بیروزگاری، بدعنوانی، جرائم اور نقل مکانی کا زبردست آلودہ دھواں پھیلا دیا ہے۔'' تیجسوی یادو نے مزید لکھا، ''نتیش-بی جے پی حکومت نے دو دہائیوں میں دو نسلوں کا مستقبل تباہ کردیا ہے۔ اب یہ حکومت بہار کے عوام پر بوجھ بن چکی ہے، اس لیے اسے بدلنا بہت ضروری ہے۔'' اپنے پیغام میں انہوں نے نوجوانوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا، ''بہار کے نوجوانوں نے عزم کرلیا ہے کہ 20 سال پرانی، خستہ حال، کمزور، غیر مستحکم اور ناقابل اعتماد نتیش-این ڈی اے حکومت کو ہٹا کر ایک ایسی حکومت لانی ہے جو نئی سوچ، نئے ویژن، نئی توانائی اور ترقیاتی کاموں کے لیے وقف ہو۔ ہمیں ایک نیا، خوشحال اور ترقی یافتہ بہار بنانا ہے۔'' قابل ذکر ہے کہ تیجسوی یادو مسلسل نتیش حکومت کو مختلف مسائل پر گھیرتے رہے ہیں۔ وہ اکثر بہار میں بڑھتے ہوئے جرائم، بدعنوانی اور بیروزگاری کے اعداد و شمار پیش کرتے ہیں۔ تاہم، حکمراں جماعت بھی جوابی حملے میں پیچھے نہیں رہتی اور تیجسوی کے بیانات پر فوری ردعمل دیتی ہے۔ بہار میں آنے والے انتخابات کے پیش نظر سیاسی ماحول مزید گرم ہونے کا امکان ہے اور اپوزیشن واقتدار میں موجود جماعتوں کے درمیان بیان بازی تیز تر ہوسکتی ہے۔

## نئی دہلی ریلوے اسٹیشن بھگدڑ: راہل گاندھی نے قلی بھائیوں سے کی ملاقات

### مسافروں کی جان بچانے کے لیے کیا اظہارِ شکر



پریاگ راج میں 'مہاکمبھ میلہ' تو ختم ہوگیا ہے، لیکن اس سے جڑی کچھ تلخ یادیں ہمیشہ کے لیے لوگوں کے ذہن میں موجود رہیں گی۔ ان تلخ یادوں میں نئی دہلی ریلوے اسٹیشن پر ہوئی بھگدڑ کا اندوہناک واقعہ بھی ہے جس میں کم از کم 18 لوگوں کی موت ہوگئی۔ مہاکمبھ جانے کے لیے ہزاروں کی تعداد میں جمع مسافروں نے جب متعین پلیٹ فارم کی جگہ کسی دوسرے پلیٹ فارم پر ٹرین آنے کی خبر سنی تو تیزی کے ساتھ وہاں پہنچنے کی کوشش کی، جس کے سبب کئی جانیں تلف ہوگئیں۔ جب یہ حادثہ ہوا تو وہاں موجود قلی بھائیوں نے کئی مسافروں کی جان بچائی اور وہ لاتعداد لوگوں کے لیے ایک فرشتہ ثابت ہوئے۔ ان قلی بھائیوں سے آج راہل گاندھی نے نئی دہلی ریلوے اسٹیشن پر پہنچ کر ملاقات کی۔

راہل گاندھی نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر قلی بھائیوں سے ملاقات کی کچھ تصویریں شیئر کی ہیں۔ ساتھ ہی انھوں نے یہ مطلع بھی کیا ہے کہ سبھی ہندوستانیوں کی جانب سے قلی بھائیوں کا وہ شکریہ ادا کرنے ریلوے اسٹیشن پہنچے تھے۔ اپنے پوسٹ میں راہل گاندھی نے لکھا ہے کہ ''اکثر سب سے تاریکی بھرے وقت میں ہی انسانیت کی روشنی سب سے زیادہ چمکتی ہے۔ نئی دہلی ریلوے اسٹیشن پر بھگدڑ کے دوران قلی بھائیوں نے انسانیت کی مثال پیش کرتے ہوئے کئی مسافروں کی جان بچائی تھی۔ اس کے لیے میں نے ہندوستانی باشندوں کی طرف سے آج ان کا شکریہ ادا کیا۔''

اس پوسٹ میں راہل گاندھی نے انتظامیہ سے گزارش کی ہے کہ وہ ایسے حادثوں سے سبق حاصل کریں۔ وہ لکھتے ہیں کہ ''ایسے حادثوں سے سبق لینا ضروری ہے۔ بھیڑ کو قابو میں کرنا، جدید تکنیک کا استعمال، بہتر انفراسٹرکچر اور ایمرجنسی انتظامات کو مضبوط کرکے ان حادثات کو روکا جاسکتا ہے۔'' انھوں نے مزید لکھا ہے کہ ''امید ہے حکومت اس سمت میں ٹھوس قدم اٹھائے گی، تاکہ ہر طبقہ کے مسافر محفوظ سفر کرسکیں۔''

## یکم اپریل سے 15 سال پرانی گاڑیوں کو پٹرول پمپ پر نہیں ملے گا پٹرول-ڈیزل، دہلی حکومت کی بڑی پیش رفت



دہلی: دہلی کی نو تشکیل ریکھا حکومت نے آج ایک بڑا قدم اٹھاتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ شہر میں 15 سال سے زیادہ پرانی گاڑیوں کو پٹرول اور ڈیزل کی فراہمی نہیں کی جائے گی۔ یہ اعلان وزیر ماحولیات منجندر رسنگھ سرسا نے دہلی میں فضائی آلودگی پر قابو پانے کی پیش رفت کے طور پر کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ 31 مارچ کے بعد دہلی کے پٹرول پمپوں پر 15 سال سے زیادہ پرانی گاڑیوں کو ایندھن نہیں دیا جائے گا۔ منجندر رسنگھ سرسال نے ہفتہ کے روز اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ''دہلی حکومت 31 مارچ کے بعد شہر بھر کے ایندھن اسٹیشنوں پر 15 سال سے زیادہ پرانی گاڑیوں کو پٹرول دینا بند کر دے گی۔'' دہلی میں فضائی آلودگی سے نمٹنے کی ترکیبوں کے لیے افسران کے ساتھ ہوئی ایک میٹنگ کے بعد یہ اعلان کیا گیا۔ میٹنگ میں پالیسی پر مبنی اہم فیصلوں پر توجہ مرکوز کی گئی، جس میں پرانی گاڑیوں پر پابندی، لازمی اینٹی اسماگ ترکیب اور الیکٹرک پبلک ٹرانسپورٹ میں تبدیلی شامل ہیں۔ میٹنگ کے بعد سرسانے کہا کہ حکومت گاڑیوں سے ہونے والے اخراج اور آلودگی پر قدغن لگانے کے لیے سخت قدم اٹھا رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ''ہم پٹرول پمپوں پر ایسے گیزیٹ لگا رہے ہیں جو 15 سال سے زیادہ پرانی گاڑیوں کی شناخت کریں گے اور انھیں کوئی ایندھن دستیاب نہیں کرایا جائے گا۔'' وہ مزید کہتے ہیں کہ دہلی حکومت اس فیصلے کے بارے میں مرکزی وزارت برائے پٹرولیم کو جلد مطلع کرے گی۔ پرانی گاڑیوں کے لیے ایندھن فراہمی ممنوع کیے جانے کے علاوہ سرسانے یہ بھی اعلان کیا کہ راجدھانی میں سبھی اونچی عمارتوں، ہوٹلوں اور کمرشیل احاطوں میں فضائی آلودگی کی سطح کو روکنے کے لیے 'اینٹی اسموگ گن' نصب کیا جانا چاہیے۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ دہلی میں تقریباً 90 فیصد پبلک سی این جی بسوں کو دسمبر 2025 تک سلسلہ وار طریقے سے ہٹا دیا جائے گا اور اس کی جگہ الیکٹرک بسوں کو سڑکوں پر اتارا جائے گا، جو کہ صاف ستھرے اور مضبوط ہوں گے۔

## بھوپال واقع عآپ دفتر میں لگ گیا تالا

### 3 ماہ سے کرایہ اور بجلی بل کی نہیں ہوئی تھی ادائیگی

بھوپال: دہلی اسمبلی انتخاب میں شکست کے بعد سے عآپ کی مشکلیں کچھ دیگر محاذ پر بھی بڑھتی جارہی ہیں۔ تازہ معاملہ مدھیہ پردیش کی راجدھانی بھوپال کا ہے، جہاں عآپ کے ریاستی دفتر پر مکان مالک نے تالا لگا دیا ہے۔ مکان مالک کا الزام ہے کہ پارٹی نے پچھلے کچھ مہینوں سے کرایہ اور بجلی بل کی ادائیگی نہیں کی ہے۔ دراصل بھوپال کے سبھاش نگر میں کرایہ کی ایک عمارت میں عآپ کا ریاستی دفتر چل رہا ہے۔ اس عمارت کے مالک دلیپ نے میڈیا سے بتایا کہ گزشتہ 3 ماہ سے عآپ نے مکان کا کرایہ نہیں دیا ہے اور بجلی کا بل بھی بقایہ ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ بار بار بولنے کے باوجود جب کرایہ نہیں دیا گیا تو انھوں نے دروازے پر تالا لگا دیا۔ غور کرنے والی بات یہ ہے کہ اس دروازے پر 2 تالے لگے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں۔ ایک تالا مکان مالک نے لگایا ہے اور دوسرا تالا عآپ کارکنان کی طرف سے لگایا گیا ہے۔ بہرحال، مکان مالک کا کہنا ہے کہ اگر انھیں کرایہ مل جاتا ہے تو وہ فوراً تالا کھول کر ہٹا دیں گے۔ اس معاملے میں عآپ کی ریاستی صدر رانی اگروال کا ردعمل بھی سامنے آیا ہے۔ انھوں نے ایک نیوز پورٹل سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ شاید مکان مالک کو کچھ غلط فہمی ہوئی ہے، جسے جلد دور کر دیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ ہمارے دفتر انچارج ایک شادی تقریب میں باہر گئے تھے۔ دفتر میں اہم دستاویزات اور سامان رکھے ہیں، اس لیے انھوں نے تالا لگا دیا تھا۔ اب وہ واپس بھوپال آ گئے ہیں اور یکم مارچ کی شام تک تالا کھل جائے گا۔ رانی اگروال نے یہ بھی کہا کہ جلد ہی بھوپال آکر ریاستی دفتر میں وہ ریاستی مجلس عاملہ کی میٹنگ بھی کرنے والی ہیں۔

## 'جنسی جرائم معاملے میں مرد کا موقف بھی سنا جائے

### بے قصوروں کو پھنسائے جانے پر کیرالہ ہائی کورٹ کا اظہار تشویش





تھروینتا پورم: کیرالہ ہائی کورٹ نے ایک معاملے کی سماعت کرتے ہوئے اپنے ایک اہم حکم میں کہا ہے کہ فوجداری معاملوں، خاص طور پر جنسی جرائم میں یہ مان لینا کہ شکایت کنندہ کا ہر بیان صحیح ہوتا ہے، غلط ہے۔ عدالت نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حال میں ایسے معاملوں میں بے قصور لوگوں کو پھنسانے کا رواج بڑھ گیا ہے۔ جسٹس پی وی کونہی کرشنن نے ایک خاتون ملازمین کے ذریعہ جنسی استحصال کے الزامات کا سامنا کررہے ایک شخص کو عبوری ضمانت دینے کے دوران یہ باتیں کہیں۔ عدالت نے کہا کہ اس معاملے میں پولیس نے ملزم کی اس شکایت کی جانچ نہیں کی جس میں اس نے کہا تھا کہ نوکری سے نکالے جانے کے بعد خاتون نے اسے گالیاں اور دھمکیاں دیں۔ عدالت نے کہا، ایک فوجداری معاملے کی جانچ کا مطلب صرف شکایت کنندہ کے موقف کی جانچ نہیں ہے بلکہ ملزم کے معاملے کی بھی جانچ کی جانی چاہیے۔ صرف اس لیے کہ شکایت کنندہ خاتون ہے یہ مان لینا کہ اس کا ہر بیان صحیح ہے، یہ صحیح نہیں ہے۔ پولیس صرف اس بیان کی بنیاد پر کارروائی نہیں کرسکتی ہے۔ عدالت نے آگے کہا کہ اگر کسی شخص کو جھوٹے الزامات میں پھنسایا جاتا ہے تو اس کا نام، سماج میں عزت اور رتبے کو نقصان ہوسکتا ہے۔ صرف پیسے کے معاوضے سے اسے واپس حاصل نہیں کیا جاسکتا ہے۔ عدالت نے پولیس افسروں کو سچ کی جانچ میں مستعد اور چوکس رہنے کی صلاح دی تاکہ مجرم معاملوں کی جانچ کے دوران کسی بے قصور کو نقصان نہ ہو۔ دراصل معاملہ یہ ہے کہ خاتون نے الزام لگایا تھا کہ کمپنی کے منیجر نے اس کے ہاتھوں کو غلط طریقے سے پکڑا۔ وہیں ملزم نے پولیس سے شکایت کی تھی کہ خاتون نے اسے گالیاں اور دھمکیاں دیں۔ انہوں اس تعلق سے ایک پین ڈرائیو میں خاتون کی مبینہ باتیں ریکارڈ کرکے پولیس کو سونپی۔ عدالت نے کہا کہ یہ ایک ایسا معاملہ تھا جس میں جانچ افسر کو ملزم کی شکایت کی بھی جانچ کرنی چاہیے تھی۔ عدالت نے ملزم کو 00050 روپے کی ضمانت رقم اور دو اہل ضمانت دار کے ساتھ رہا کرنے کا حکم دیا۔ اس کے علاوہ ملزم کی جانچ میں تعاون کرنے، گواہوں کو متاثر یا ڈرانے کی کوشش نہ کرنے اور جب بھی جانچ افسر بلائے پیش ہونے کا حکم بھی دیا گیا۔

## امبالہ سٹی کورٹ حاطہ میں فائرنگ، مچی افراتفری، پولیس کی جانچ شروع

امبالہ: امبالہ سٹی کورٹ احاطہ میں ہفتہ کی صبح 11 بجے فائرنگ کے واقعہ سے ہنگامہ مچ گیا۔ عدالتی احاطہ کے گیٹ کے پاس ہوئے اس واقعہ کے بعد موقع پر افراتفری کا ماحول پیدا ہوگیا اور لوگ ادھر ادھر بھاگنے لگے۔ بتایا جاتا ہے کہ سیاہ رنگ کی ایک اسکارپیو گاڑی احاطے میں آئی، جس میں دو سے تین نوجوان تھے۔ پھر ہوا میں دو گولیاں چلائیں اور سبھی ملزمان موقع سے فرار ہوگئے۔ ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر سمیت پولس دستہ موقع پر پہنچا اور گولی معاملے کو لے کر جانچ پڑتال شروع کردی گئی۔ پولیس کو جائے واقعہ پر سے تین کارتوس کے کھول ملے ہیں۔ ابتدائی جانچ میں یہ معاملہ گینگ وار سے جڑا ہوا معلوم پڑتا ہے۔ حالانکہ پولیس سبھی ممکنہ پہلوؤں کی جانچ کررہی ہے۔ پولیس نے جائے حادثہ کے آس پاس لگے سبھی سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج کھنگالنی شروع کردی ہے تاکہ ملزمان کی پہچان ہوسکے۔ مقامی لوگوں سے بھی پوچھ تاچھ کی جارہی ہے۔ فی الحال پولیس نے تحفظاتی انتظامات سخت کردیے ہیں اور عدالت احاطہ میں اضافی پولیس دستہ بھی تعینات کردیا ہے۔ پولیس افسوروں کا کہنا ہے کہ جلد ہی قصورواروں کو پکڑنے کے لیے خصوصی ٹیم کی تشکیل کی جائے گی۔ معاملے کو لے کر شہر میں قانون کے نظام کو بنائے رکھنے کے لیے حفاظتی انتظامات کو مزید مضبوط کیا جارہا ہے۔ ※انڈیا نیوز※ کی خبر کے مطابق پولیس فائرنگ کرنے والوں کی تلاش کررہی ہے۔ عدالت میں پیشی بھگتنے آئے امن سونکر نامی نوجوان کے اوپر فائرنگ کی بات بتائی جارہی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ فی الحال دو گولیوں کے کھول موقع سے برآمد ہوئے ہیں۔

## دنیا میں گرتی ہوئی شرح پیدائش پر تشویش کا اظہار کرنے والے ایلون مسک 14 ویں بچے کے والد بنے

واشنگٹن: معروف بزنس مین ایلون مسک 14 ویں بار والد بنے ہیں۔ مسک کی کمپنی 'نیورالنک' سے منسلک شیوون جیلس نے مسک کے ساتھ اپنے چوتھے بچے کی ولادت کی جانکاری دی ہے۔ شیوون جیلس نے اس بارے میں سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر ایک پوسٹ شیئر کیا ہے۔ پوسٹ میں انہوں نے لکھا کہ ''ایلون سے بات کرنے کے بعد اور اپنی بیٹی آرکیڈیا کے جنم دن کے موقع پر مجھے لگتا ہے کہ آپ کو اپنے بیٹے شیلڈن لکرگس کے بارے میں بتانا صحیح ہوگا۔'' انہوں نے آگے لکھا کہ ''شیلڈن ایک جادوگر کی طرح ہے اور اس کا دل سونے کا ہے۔ میں اس سے بے انتہا پیار کرتی ہوں۔'' ایلون مسک نے بھی اس پوسٹ پر دل کا ایموجی بنا کر ردعمل ظاہر کیا ہے۔ واضح ہو کہ شیوون جیلس نے مسک کے ساتھ آئی وی ایف تکنیک کی مدد سے 2021 میں اسٹرائڈر اور ایجور کو جنم دیا تھا۔ 2024 میں دونوں کے تیسرے بچے آرکیڈیا کی پیدائش ہوئی۔ ایلون مسک نے آرکیڈیا کی پیدائش کے کئی ماہ بعد اس کے بارے میں اطلاع دی تھی۔ شیوون جیلس، مسک کی کمپنی نیورالنک میں اے آئی ایکسپرٹ ہیں اور اہم عہدے پر فائز ہیں۔ شیوون جیلس کے علاوہ ایلون مسک کی دیگر اولادوں کی بات کی جائے تو مسک کی اپنی پہلی بیوی سے 5 بچے ہیں۔ ان کی پہلی بیوی کینیڈا نژاد مصنفہ تھیں ان کا نام جسٹن ولسن تھا۔ پہلی بیوی سے ایلون مسک کو جو 5 بچے ہوئے تھے ان کے نام گریفین، ووین، کائی، سیکسن اور ڈیمین ہیں۔ ولسن اور مسک کے پہلے بچے نیوادا کی پیدائش کے 10 ہفتے بعد ہی موت ہوگئی تھی۔ 2020 میں گلوکارہ گریمس نے مسک کے 3 بچوں کو جنم دیا، یہ بچے سروگیسی کے ذریعے ہوئے تھے۔ قابل ذکر ہے کہ انفلوینسر ایشلے سینٹ کلیئر نے بھی 14 فروری 2025 کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر انکشاف کیا تھا کہ 5 ماہ قبل اس نے ایک بچے کو جنم دیا ہے اور اس بچے کا باپ ایلون مسک ہے۔ حالانکہ ابھی تک ایلون مسک کی جانب سے نہ تو اس دعوے کی تصدیق ہوئی ہے اور نہ ہی تردید۔ غور کرنے والی بات یہ ہے کہ ایلون مسک نے حال ہی میں دنیا میں گرتی ہوئی شرح پیدائش پر تشویش کا اظہار کیا تھا اور اسے انسانی تہذیب کے لیے سب سے بڑا خطرہ بتایا تھا۔

02-3-2025
ناندیڑ شہر و اطراف واکناف
آج کا افطار : 6:32
کل کی سحر : 5:16
روزنامہ ورق تازہ ناندیڑ

## بیان تفصیلات وملکیت بابت

(روزنامہ ''ورقِ تازہ'' ناندیڑ)

| | |
|---|---|
| ا۔مقام اشاعت | 4-6-229 'بڑی درگاہ گاڑی پورہ' ناندیڑ 431604 |
| ۲۔وقفہ اشاعت | : روزنامہ |
| ۳۔نام طابع | : محمد تقی |
| قومیت | : ہندوستانی |
| پتہ | :4-6-229 'بڑی درگاہ گاڑی پورہ' ناندیڑ 431604 |
| ۴۔نام ناشر | : محمد تقی |
| قومیت | : ہندوستانی |
| پتہ | :4-6-229 'بڑی درگاہ' گاڑی پورہ' ناندیڑ 431604 |
| ۵۔نام ایڈیٹر | : محمد تقی |
| قومیت | : ہندوستانی |
| پتہ | :4-6-229 'بڑی درگاہ' گاڑی پورہ' ناندیڑ 431604 |
| ٦۔ اُن افراد کے نام اور پتے جو اخبار کے مالک' شرکاء یا حصص داران ہیں اور جن کا کوئی حصہ جملہ سرمایہ کا ایک فیصد سے زائد ہے | محمد تقی' 4-6-229 'بڑی درگاہ' گاڑی پورہ' ناندیڑ۔431604 |

میں' محمد تقی ذریعہ ہذا اعلان کرتا ہوں کہ مندرجہ بالا تفصیلات میرے علم و یقین کی حد تک دُرست ہیں۔

Taqui

مورخہ: یکم مارچ 2025 — محمد تقی (ناشر)


شائع کردہ تحت دفعہ (4) 'رجسٹریشن آف نیوز پیپرس سنٹرل رولس 1956ء

Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MUSKAN JEWELLERS
مُسکان جیولرس
سونے کے زیوارت کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔



روزنامہ
ورق تازہ
حالاتِ حاضرہ
दैनिक वरक़-ए-ताज़ा
02 March. 2025





# نفسانی خواہشات کے ریلے میں تنکوں کی طرح بہنے سے مقصدِ روزہ فوت ہوجاتا ہے

از:- پروفیسر ابوزاہد شاہ سید وحید اللہ حسینی القادری الملتانی
کامل الحدیث جامعہ نظامیہ، M.A.,
M.Com., Ph.D (Osm)

انسان کی سعادتمندی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ نفسانی خواہشات کی پیروی ہے اسی لیے صوفیائے کرام فرماتے ہیں کہ تہذیب نفس کے بغیر نجات کا تصور کرنا بھی محال ہے چونکہ فلاح و رستگاری ترک خواہشات کی رہین منت ہے۔ قرآن مجید نے نفسانی خواہشات کی مخالفت کو حصول جنت کی شاہ کلید قرار دیا ہے۔ جو شخص تہذیب نفس میں ناکام ہوجاتا ہے محرومیت، شکست اور بدبختی اس کا مقدر بن جاتی ہے۔ گراں بہا و خدا داد صلاحیتوں سے بہرور انسان اگر نفسانی خواہشات کا اسیر بن جاتا ہے تو اس کی حالت بے شعور موشیوں سے بدتر ہوجاتی ہے۔ اللہ جل شانہ وعم نوالہ سورۃ الشّمس میں متعدد قسمیں یاد فرمانے کے بعد ارشاد فرماتا ہے کہ تہذیب نفس کے بغیر نجات ممکن نہیں۔ بعض علماء کرام ارشاد فرماتے ہیں کہ اس سورۃ کی ابتداء میں اللہ تعالی نے 7 قسمیں یعنی (i) سورج، (ii) چاند، (iii) دن، (iv) رات، (v) آسمان، (vi) زمین اور (vii) نفس کی قسم کھائی ہے۔ جبکہ بعض کا خیال ہے کہ اس سورۃ میں اللہ رب العزت 14 قسمیں یعنی (i) آفتاب، (ii) آفتاب کی حرارت، (iii) مہتاب، (iv) مہتاب کے پیچھے آنے (v) دن، (vi) دن کی روشنی، (vii) رات، (viii) رات کے دن کو چھپانے، (ix) آسمان، (x) آسمان کے بنانے والے، (xi) زمین، (xii) زمین کو بچھانے والے، (xiii) نفس، اور (xiv) نفس کو درست کرنے والے کی قسم یاد فرمائی ہے تاکہ بندہ مومن پوری توجہ اور انہماک کے ساتھ اس مضمون کو سماعت کرے جو ان قسموں کے بعد بیان ہونے والا ہے۔ صرف نظر اس کے کہ اس سورۃ میں 7 قسمیں بیان ہوئیں یا 14، لیکن ایک بات تو متحقق ہے کہ اللہ تعالی نے اس قدر کثرت سے تاکیدی قسمیں کسی اور سورۃ میں یاد نہیں فرمائی۔ اس سے اس بات کا اندازہ بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ رب کائنات جو موضوع اور مضمون ان قسموں کے بعد بیان فرما رہا ہے وہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے جس پر توجہ دینا ہر مسلمان کی مذہبی ذمہداری ہے۔ جب معاشرہ کا کوئی معتبر شخص قسم کھا کر کوئی بات کہے تو اس بات کی سچائی اور اہمیت کو بغیر کسی دلیل کے مان لیا جاتا ہے تو اب اندازہ کیجیے کہ جب رب کائنات نے ایک نہیں بلکہ 7 یا 14 قسمیں یاد فرمانے کے بعد اپنے بندوں کو کسی چیز کی حقیقت سے واقف کروا رہا ہے تو اس کی اہمیت کتنی زیادہ ہوگی اس کا اندازہ ہم بخوبی لگا سکتے ہیں۔ اللہ تعالی اس سورۃ میں یہ بیان فرما رہا ہے کہ ہم نے انسانی فطرت میں حق و باطل، نیک و بد اور حسن و قبح میں تمیز کرنے کا شعور ودیعت فرما کر سعادتمندی و خوش بختی کے تمام مادی و معنوی وسائل فراہم کردیئے ہیں لیکن بامراد و کامیاب وہی ہوگا جو اپنے نفس کی مناسب نگہداشت کرے گا، نفس کی مخفی و پوشیدہ صلاحیتوں کا بھرپور استعمال کرتے ہوئے نفس کو دنیاوی آلائشوں اور ناپاکیوں سے پاک کرے گا اور نامراد و ناکام ہوگا وہ شخص جو نفس کی صلاحیتوں کا گلا گھونٹ دیگا اور نفسانی خواہشات کے ریلے میں تنکوں کی طرح بہتا چلا جائے گا۔ مذکورہ بالا آیات بینات سے حقیقت کا یہ پہلو بھی واضح ہوجاتا ہے کہ انسان کی نجات کا مدار اچھے خیالات، عمدہ تفکرات پر نہیں ہے بلکہ نفس کی تہذیب پر ہے جس کے لیے عزم و استقلال کے ساتھ عملی جد و جہد درکار ہوتی ہے۔ رمضان المبارک میں روزے فرض کرکے اسی کی تربیت کروائی جاتی ہے لیکن صد حیف کہ ہم مسلمان رمضان المبارک میں تربیت حاصل کرتے ہیں لیکن جب ہم میدان عمل میں جاتے ہیں تو رمضان المبارک کے پیغام کو بھلا کر حرص و شہوت اور نفسانی خواہشات کا شکار ہوجاتے ہیں جس کی وجہ سے ہم ذلت و خواری کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ ہم اچھی طرح جانتے ہیں کہ خواہشات نفسانی کی اتباع سرکشی و بت پرستی، غفلت و بے خبری، کفر و بے ایمانی، ظلم و زیادتی، فساد و تباہی کا سرچشمہ ہے۔ مسلم معاشرے پر ایک طائرانہ نظر ڈالیں ہمیں علم ہوتا ہے کہ مذکورہ بالا تمام افعال قبیحہ ہمارے معاشرے کی پہچان بن چکے ہیں چونکہ ہم نفسانی خواہشات کے مکمل طور پر اسیر ہوچکے ہیں جبکہ رمضان المبارک کے روزے اس لیے فرض کیے گیے ہیں تاکہ ہم نفس کی اصلاح و تہذیب کرسکیں۔ اگر روزے رکھنے کے باوجود ہم نفسانی خواہشات کو قابو میں رکھنے کا ہنر نہ سیکھ سکیں تو پھر ہم روزے کے اصل مقصد کو حاصل کرنے میں ناکام ہوجاتے ہیں، روزے کے تمام فضائل و برکات سے ہم محروم ہوجاتے ہیں اور ہمارا شمار ان روزے داروں میں ہوگا جن کے متعلق تاجدار کائنات ﷺ نے ارشاد فرمایا بعض روزے دار ایسے ہیں جنہیں بھوک اور پیاس کے کچھ نہیں ملتا (العیاذ باللہ)۔ روزہ فاقہ کشی کا نام نہیں ہے بلکہ روزہ ایک تربیت ہے جس میں مسلمانوں کو بھوک اور پیاس کے ذریعہ آزمایا جاتا ہے تاکہ ان کے اندر نفسانی خواہشات کی مخالفت کرنے کا مادہ پیدا ہوجائے۔ ماہرین کا ماننا ہے جو شخص بھوک اور پیاس پر قابو پالیتا ہے وہ زندگی میں ہر شئے بشمول نفسانی خواہشات پر باآسانی قابو پاسکتا ہے۔ اگر ہم نفوس قدسیہ اور بزرگان دین کے احوال و کوائف کا مطالعہ کریں جنہوں نے اپنی زندگی میں کارہائے نمایاں سر انجام دیئے ہیں اور عظیم و بلند مرتبہ پر فائز ہوئے ہیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ اس کے پیچھے "قلت طعام" کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ جو لوگ بھوک اور پیاس پر قابو پالیتے ہیں وہ زندگی میں عظیم کارنامے انجام دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور جو بھوک اور پیاس پر قابو نہیں پاسکتے وہ زندگی میں قابل ذکر کارنامہ انجام نہیں دے سکتے بلکہ ایسے لوگ انسان اور انسانیت کے لیے مصائب و آلام اور خطرات پیدا کرتے ہیں۔ نفسانی خواہشات کی پیروی کرنے والے انسان دنیا کے لیے سب سے خطرناک اور نقصان دہ ہیں۔ معاصر اور سنین ماضیہ جو انسانی جانوں کا اتلاف ہوا ہے، خواتین کی عصمتوں کو تار تار کیا گیا ہے، بچوں کے مستقبل سے کھلواڑ ہوا ہے، ممالک اور وہاں کے مقیم باشندوں کو تباہ و تاراج کیا گیا ہے اس کے پیچھے صرف اور صرف انسان کی نفسانی خواہشات کارفرما رہی ہے یہی وجہ ہے کہ انسان عظمت انسانی کی بلندیوں سے گرتا چلا جارہا ہے اور ترقی کے تمام مادی ذرائع ہونے کے باوجود آج کا انسان انسانیت کو ترس رہا ہے۔ اگر انسان نفسانی خواہشات پر قابو پالے تو دنیا جنت نشان بن سکتی ہے۔ وہ شخص اپنی بدنصیبی اور محرومی کا جتنا بھی ماتم کرے کم ہے جسے اللہ رب العزت رحمتوں، عنایتوں، فضیلتوں، بخششوں کا مہینہ یعنی رمضان المبارک عطا فرمائے اور وہ اپنے نفس کی تہذیب و اصلاح میں بری طرح ناکام رہے چونکہ بے لگام نفس کفر و بے ایمانی کا سرچشمہ بھی جو انسان کو راہ راست سے ہٹا دیتا ہے، بغاوت و سرکشی پر ابھارتا ہے اور گمراہی کے دلدل میں دھنسا دیتا ہے۔ یہ کس قدر معیوب بات ہے کہ مسلمان رمضان المبارک میں اللہ اور اس کے رسول کی رضا و خوشنودی کے لیے حلال اشیاء سے اجتناب کرتے ہیں لیکن مابقی زندگی میں حرام اشیاء سے بھی پرہیز نہیں کرتے۔ رمضان المبارک کو عبادات و حسنات، ذکر و اذکار اور اوراد و وظائف میں گزارنے کے باوجود مابعد رمضان المبارک خواہش نفس کے عبادت گزار بن جانا، فریب خوردگی کا شکار ہوکر شخصی و مادی مقاصد کے حصول پر توجہ دینا، حاضر و ظاہری رنگینیوں میں مصروف رہنا، روحانی لذتوں کو چھوڑ کر حقیر دنیا کی لذتوں میں منہمک ہوجانا، اسے آخرت کی دائمی و سرمدی لذتوں پر فوقیت و ترجیح دینا ہماری ذہنی پستی و فکری انحطاط کی غماز ہے اور یہ وہ غلط روش ہے جو بروز محشر اجر و ثواب سے محرومی اور اپنے آپ کو ہلاکت کے حوالے کردینے کا سبب بنے گی جس دن نہ ہمیں توبہ کرنے کی مہلت دی جائے گی اور نہ ہی ہمیں تلافی اعمال کا موقع ملے گا۔ مسلمانوں کو چشم ہوش کھولنا چاہیے تاکہ رمضان المبارک میں جو تربیت ہم حاصل کر رہے ہیں دیگر ایام میں اس کا عملی مظاہرہ کرنے میں کامیاب رہیں اور خیر امت کہلانے کے حقدار بنیں۔ اس مقصد جلیل کے حصول کے لیے انسان اپنی توانائیوں، صلاحیتوں اور ریاضات و مجاہدات پر تکیہ نہ کرے بلکہ رحمن و رحیم مولا کی نگاہِ کرم پر بھروسہ کرے چونکہ رب اگر ہمیں ہمارے نفس کے حوالے کردے تو پھر کسی بشر میں یہ طاقت نہیں کہ وہ نفس کے دام فریب میں پھنسنے سے بچ جائے اور روح فرسا حالات، جذبات کو مشتعل کردینے والے مشکلات میں ثابت قدم رہ سکے۔ آخر میں اللہ تعالی سے دعا ہے کہ بطفیل نعلین پاک مصطفی ﷺ ہمیں قرآن اور صاحب قرآن ﷺ کی تعلیمات کے مزاج کو سمجھنے اور اس کے مطابق عمل کرنے کی توفیق رفیق عطا فرمائیں۔ آمین ثم آمین بجاہ سید المرسلین طہٰ و یسین۔

## ماہ رمضان المبارک، روحانی امراض کے لیے بہترین نسخہ شفاء ہے۔۔۔!



محمد عبدالحفیظ اسلامی
سینئر کالم نگار آزاد صحافی
9849099228

یَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ (سورۃ البقرہ آیت نمبر:183) ترجمانی اے ایمان والو! تم پر رمضان کے روزے فرض کردیئے گئے جیسا کہ تم سے پہلے لوگوں پر فرض کردیئے گئے تھے تاکہ تم میں تقویٰ پیدا ہو۔ جس طرح ہم دنیا میں اپنی عمارتوں کی آہک پاشی کرتے اور داغ دوزی کی طرف توجہ کرتے ہیں اس کا صرف اور صرف یہی ایک مقصد ہوتا ہے کہ ہماری یہ عمارت گرنے جھڑنے اور بدنما ہونے سے محفوظ رہیں ٹھیک یہی حال ہمارے پروردگار آقا و مالک کا ہے جو ساری کائنات کا تنہا خالق و معمار بھی ہے۔ الغرض جس طرح اپنی عمارتیں ہم کو پیاری لگتی ہیں اس سے کئی گنا زیادہ اللہ رب العزت اپنے بندوں سے بے انتہا محبت رکھتے ہیں۔ اور اس کی محبت اتنی وسیع ہے کہ وہ اپنے بندوں کو دنیا کی ستر ماں وں سے زیادہ چاہتا ہے صرف اتنا ہی نہیں بلکہ اس دنیا کا خالق و مالک جو حقیقت میں (سلطان کائنات بھی ہے) اتنا حساس ہے کہ اپنے بندوں میں کسی قسم کی خرابی یا کجی ہرگز گوارہ نہیں کرتا یعنی اللہ عزوجل کریم یہ چاہتا ہے کہ اسکے بندے ہر وقت درست حالت میں اپنی زندگی کے شب و روز گذاریں۔ اس عظیم مقصد کیلئے رب العزت کریم نے اپنے بندوں کیلئے سال میں ایک مرتبہ ایک ایسے ماہ مبارک کو مقرر کردیا کہ ان مبارک ایام میں اپنے بندوں کی تربیت کا سامان ہوجائے۔ غرضیکہ آیت مبارکہ مذکورہ بالا کا آغاز "اے ایمان والو" کے شاندار خطاب سے ہورہا ہے۔ اور آگے فرمایا جارہا ہے تم پر روزے فرض کردیئے گئے اور روزے کیوں فرض کردیئے گئے اس کا فائدہ یہ بتایا جارہا ہے کہ تم میں تقویٰ پیدا ہو اس چھوٹی سی آیت مبارکہ کا بغور مطالعہ کرنے سے ہمیں یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت تو عام ہے لیکن وہ بلخصوص ان بندوں سے بے انتہا محبت کرتا ہے جو اس پر ایمان لاتے ہیں اور اس کی طرف سے روانہ کردہ انبیاء علیہم السلام اور اس کی نازل کردہ کتابوں پر یقین کرتے ہیں، اور اپنی ابدی زندگی کے سلسلہ میں فکرمند رہتے ہیں یعنی توحید، رسالت، آخرت کا زبانی اقرار کرنے کے بعد اس کے تقاضوں کو پورا کرنے کیلئے عملی میدان میں سرگرداں رہتے ہیں ایسے لوگوں کو بڑے پیار کے ساتھ اللہ تعالیٰ خطاب کرتے ہیں کہ "اے ایمان والو" لیکن اس کے بندے اپنی بشری کمزوریوں کی بناء پر اپنے آپ کو درست حال میں نہیں رکھ پاتے (جس طرح اللہ کو مطلوب ہے) ان کمزوریوں اور کوتاہیوں کو دور کرنے کیلئے اپنی بے پایاں محبت کے تقاضے کے تحت سال میں ایک مرتبہ ایک ایسا نسخہ اکسیر تجویز فرمایا جو یقیناً شفاء بخش ہے اور یہ گذشتہ انبیاء کی امتوں کیلئے بھی عطا کیا گیا تھا تاکہ اس کے ذریعہ ایمان والوں کے اندر سے ہر قسم کا عیب ہر قسم کی کجی و نافرمانی عدول حکمی کی کیفیت (جو کہ بشری تقاضہ کے تحت) پائی جاتی ہے اس کا خاتمہ کیا جائے اس "نسخہ اکسیر" کا قرآنی نام "صوم" (روزہ) ہے۔ اور روزے کی شان یہ بیان کی جارہی ہے کہ اس کے ذریعہ سے اہل ایمان میں تقویٰ پرہیزگاری وجود میں آئے۔ گویا روزہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے نسخہ اکسیر اور روحانی امراض یعنی اللہ کے برابر کسی اور مخلوق کو سمجھنا اور انکی خوشنودی طلب کرنے انکے آگے جھکنا، "فسخ و فجور"، "ریاکاری و بدکاری" جیسے ایمان کی ہلاکت والی بیماریوں کا بہترین علاج ہے۔ تقویٰ کے متعلق یہ بات ذہن نشین رہنی چاہیے کیونکہ یہ دو طرح کا ہوتا ہے ایک تقویٰ دشمن کا ہوتا ہے اور ایک تقویٰ اللہ رب العزت کا ہوتا ہے لیکن ان دونوں میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ یعنی دشمن کا تقویٰ دشمن سے دور کرتا ہے اور اللہ رب العالمین سے "تقویٰ"؛ پرہیزگاری فرمانبرادری و اطاعت کا سبب بنتا ہے اور اللہ جل شانہ کے قریب کردیتا ہے۔ مثال کے طور پر اسی روزہ کو لے لیجیئے کہ روزہ کی حالت میں انسان اگر چاہے تو چھپ چھپا کر کچھ کھا پی سکتا ہے لیکن ایک صائم (روزہ دار) ہرگز ہرگز اس طرح کا عمل نہیں کرتا۔ کیونکہ بحالت روزہ اس کے اندر خدا کا خوف حاوی رہتا ہے۔ یعنی روزہ کے ذریعہ اس کا ایمان اتنا قوی ہوجاتا ہے کہ روزہ دار کو اس بات کا یقین رہتا ہے، خواہ مجھے کوئی دیکھے یا نہ دیکھے لیکن وہ تو مجھے ضرور دیکھ رہا ہے جس کے نام پر اور جس کے حکم پر میں نے روزہ رکھا ہے۔ الغرض اس ماہ مبارک کی تربیت، اہل ایمان کے اندر اپنے کو ہر آن اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں ہونے کا احساس دلاتی ہے اور کل روز محشر جوابدہی کے احساس کے ساتھ زندگی بسر کرنے کی صلاحیت ابھرنے لگتی ہے؛ لیکن یہ یقینی کیفیت ماہ صیام میں جو پیدا ہوجاتی ہے دل و دماغ پر جس طرح چھا جاتی ہے؛ باقی آگے جو کچھ بچی ہوئی زندگی کے ایام میں بھی ٹھیک اسی یقینی کیفیات کے ساتھ گزارنے کے لئے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بطور رحمت انکی زندگی میں ہر سال "ماہ صیام" (رمضان المبارک) کو لاتے رہتا ہے تا کہ اللہ پر ایمان لانے والے بندے، ارتقائی منازل، حسن سلوک و اخلاص اور للّٰہیت کے ساتھ طئے کرتے ہوئے ایک صالح بندے مومن کی حیثیت سے اس دنیائے فانی سے منتقل ہوکر ابدی و ہمیشہ والی زندگی میں پہنچ کر جنت جیسی عظیم نعمت حاصل کرسکیں جو صرف مومنین، متقین کیلئے تیار کی گئی ہے۔ یہاں پر غور طلب بات یہ ہے کہ اللہ تبارک تعالیٰ اپنے محبوب بندوں (ایمان والے مرد و عورت) کی تربیت کیلئے ماہ رمضان کو ہی کیوں منتخب فرمایا؟ یہ اس لئے کہ اس ماہ مبارک میں قرآن کا نزول ہوا لہٰذا قرآن حکیم کی نسبت سے اس ماہ کو ماہ صیام کی حیثیت سے عزت بخشی گئی اور اپنے بندوں کیلئے اسی ماہ بابرکت کا انتخاب فرمادیا گیا۔ یعنی تمام انسانوں کیلئے دستور حیات کو اسی ماہ میں نازل کیا گیا اور ان کی تربیت حیات کیلئے بھی اسی ماہ کو منتخب کردیا گیا گویا قرآن مجید اور ماہ رمضان کا ایک دوسرے سے بہت گہرا تعلق پیدا کردیا گیا۔ ایک دوسری جگہ اللہ فرماتے ہیں۔ ترجمہ: "رمضان وہ مہینہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا جو انسانوں کیلئے سراسر ہدایت ہے اور ایسی واضح تعلیمات پر مشتمل ہے جو راہ راست دکھانے والی اور حق و باطل کا فرق کھول کر رکھ دینے والی ہے"۔ یعنی قرآن کو رمضان کے ساتھ جوڑنے کا مقصد یہی ہے کہ روزہ حصول تقویٰ کیلئے ہے۔ جب انسانوں میں تقویٰ آجائے تو ان کی زندگی قرآن سے اور قرآنی احکامات سے قریب ہوگی ایمان میں توحید خالص قائم رہے گی اعمال میں سنتوں کا رواج ہوگا حق و باطل میں تمیز پیدا ہوگی من چاہی زندگی سے اجتناب کرتے ہوئے رب چاہی زندگی گذارنے کا جذبہ ابھرے گا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے بندوں کو پیدا فرمانے کے بعد یوں ہی نہیں چھوڑا ہے بلکہ ان کی رہنمائی اور رہبری کیلئے اپنے بندوں ہی میں سے معصوم افراد کا بہترین انتخاب فرماتے ہوئے مختلف ادوار میں انبیاء علیہم السلام کو متعلقہ قوموں کے اندر سے معبوث فرماتا رہا اور اس سلسلہ کو یوں ختم فرمایا کہ حضرت سید عالم محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کو نبی و رسول بناتے ہوئے آپ ﷺ کے قلب اطہر پر ایک ایسی کتاب نازل فرمادی گئی جو اب رہتی دنیا تک خدائے واحدہ لاشریک لہ کا بھیجا ہوا آخری پیغام ہے جسکا نام قرآن مجید ہے، فرقان حمید اور نور ہے۔ غرضیکہ روزوں کا فرض کیا جانا اور قرآن کا نازل کیا جانا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو رسول بنا کر روانہ کرنے کا صرف یہی ایک مقصد ہے کہ بندوں کی پوری زندگی اللہ کی مرضی کے عین مطابق گزرے چاہے اس کا تعلق معاشرت، معیشت، اخلاق سے ہو یا امارت و حکمرانی اور سیاست کا میدان ہو یہ ساری چیزیں شریعت محمدی کے عین مطابق ہوجائیں جس طرح ایک روزہ دار اپنے نفس پر قابو پاتے ہوئے شیطان ملعون کا مقابلہ کرتا اور شیطانت کو زیر کرتا ہے؛ اپنے مالک کے احکام بجالاتا ہے باقی عام دنوں (غیر رمضان) میں بھی باطل طاقتوں کے سامنے جھکنے سے انکار کرے اور اپنے مالک کو ہی حقیقی مقتدر اعلیٰ جانے اس کو اپنا حاکم و فرمارواجانے جس طرح روزہ دار اللہ ہی سے ڈرتا ہے ٹھیک اسی طرح باقی تمام زندگی میں بھی صرف اور صرف اللہ ہی سے ڈرتا رہے، اور باقی تمام زندگی بھی صرف اور صرف اللہ ہی کے خوف اور امید کے ساتھ زندگی بسر کرے۔ جب اہل ایمان میں یہ خصوصیات پیدا ہوجائیں تو اللہ تعالیٰ اہل ایمان کو ایک ایسا عظیم الشان حوصلہ عطا فرماتے ہیں کہ تمام باطل خداءوں سے آدمی کو بے خوف و نڈر کردیتے ہیں مختصر یہ کہ روزہ ایک ایمان والے کو اپنی زندگی کی تمام مشکلات کو آسانی کے ساتھ برداشت کرنے کا حوصلہ بخشتا ہے اور حصول جنت کیلئے جو بھی رکاوٹیں آتی ہیں اسے دور کرتا ہے۔ سب سے بڑی اور اہم بات یہ کہ روزہ اللہ کو راضی و خوش کرنے کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔ اور جس شخص سے اللہ راضی ہوجائے اسے دنیا و آخرت کی تمام بھلائیاں نصیب ہوجاتی ہیں اور جس قوم و ملت سے اللہ تبارک تعالیٰ راضی ہوجائیں تو پھر دنیا کی بڑی سے بڑی فرعونی طاقت ان کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ اللہ سے دعا کریں کہ ہم اہل ایمان کو رمضان المبارک کے تمام فیوض و برکات سے مالا مال فرمادے اور روزے کے تقاضوں اور اسکے مقاصد کو پوری زندگی میں نافذ کرنے کی صلاحیت و قوت طاقت اور حوصلہ عطا فرمائے۔ اہل ایمان کے لیے ہے یہ مسرت کا پیغام آگیا ہے سرچشمہ ءفضل خدا ماہ صیام ☆☆☆

## کرناٹک کا بجٹ اور مسلمان: انتخابی حمایت کا انعام یا نظراندازی کی سزا؟



از: عبدالحلیم منصور

کرناٹک کے وزیر اعلیٰ سدارامیا 7 مارچ 2025 کو ریاستی بجٹ پیش کرنے والے ہیں۔ یہ ان کا 16 واں بجٹ ہوگا، کیونکہ وہ وزیر مالیات کا قلمدان بھی رکھتے ہیں۔ ہمیشہ کی طرح، اس بجٹ سے بھی تمام طبقات، بالخصوص اقلیتوں کو بے حد امیدیں وابستہ ہیں۔ مگر اس مرتبہ بجٹ کی تیاری کے دوران کچھ ایسے عوامل سامنے آئے ہیں، جنہوں نے مسلمانوں میں بے چینی اور مایوسی کی فضا پیدا کردی ہے۔ روایتی طور پر، اقلیتی بہبود سے متعلق فیصلوں میں مسلم رہنماؤں، ماہرین، دانشوروں اور کمیونٹی کے نمائندوں سے مشاورت کی جاتی رہی ہے، لیکن اس بار اس روایت کو یکسر نظرانداز کردیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے صرف اپنی پارٹی کے منتخب ارکانِ اسمبلی اور کونسل کے ساتھ بند کمرے میں اجلاس منعقد کرکے اقلیتوں سے متعلق امور پر گفتگو کی، جبکہ دیگر پسماندہ طبقات، قبائل اور مذہبی برادریوں کے نمائندوں کو ودھان سودھا میں مدعو کرکے ان کے مسائل پر بات چیت کی گئی۔ یہ امتیازی طرزِ عمل مسلمانوں کے لیے ایک واضح پیغام ہے کہ ان کی آواز کو نظرانداز کیا جارہا ہے۔ جنہوں نے فرقہ پرست سیاست کو روکنے کے لیے کانگریس کو اقتدار تک پہنچایا تھا، وہ آج خود بے یار و مددگار محسوس کررہے ہیں۔ گزشتہ سال، وزیر اعلیٰ سدارامیا نے 409,46,3 کروڑ روپے کا بجٹ پیش کیا تھا، جس میں اقلیتی بہبود کے لیے صرف تقریباً 000,3 کروڑ روپے مختص کیے گئے تھے۔ یہ رقم کرناٹک کی اقلیتی آبادی کے تناسب سے محض 08.0 فیصد تھی، جبکہ مسلمان ریاست کی مجموعی آبادی کا 14 فیصد ہیں۔ انتخابات کے دوران، کانگریس نے اقلیتوں کے لیے 000,10 کروڑ روپے کے بجٹ کا وعدہ کیا تھا، لیکن عملی سطح پر اس کا کوئی عکس نظر نہیں آیا۔ اسی طرح، انتخابی منشور میں مسلمانوں کے تعلیمی اور معاشی ترقی کے لیے کیے گئے کئی وعدے محض دعوے ثابت ہوئے۔ مالی سال کے اختتام پر اقلیتی بہبود کے محکمے میں جو فنڈ خرچ نہیں ہوسکا، اسے واپس کیے جانے کی تیاری ہورہی ہے۔ شکایات ہیں کہ دیگر محکموں کی طرح یہاں بھی فنڈ کے واپس جانے کے خوف سے اسے جلد بازی اور غیر ضروری مدات میں خرچ کیا جارہا ہے، جس کے نتیجے میں حقیقی ضرورت مندوں تک اس کا فائدہ پہنچنے کے بجائے اسکیمیں رسمی کارروائی کا شکار ہورہی ہیں۔ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ اقلیتی بہبود کے ماتحت ادارے فنڈ کے درست استعمال کے بجائے ایسے غیر ضروری پروگرام منعقد کررہے ہیں جو ان کی ساکھ کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ ایک حالیہ مثال اقلیتی محکمے سے ماتحت ایک اکیڈمی کی دی جاسکتی ہے، جہاں بغیر کسی شفاف طریقۂ کار کے ایوارڈز تقسیم کیے گئے، جن میں چند حقیقی مستحق تو تھے مگر چند اعزازات اقربا پروری کے تحت مخصوص افراد کو نوازے گیے۔ اس تقریب میں نہ وزیر اعلیٰ موجود تھے، نہ ہی متعلقہ وزیر، جبکہ کئی ذمے داران نے اپنے رشتہ داروں اور قریبی افراد کو نوازنے میں کامیابی حاصل کی۔ جس سے اس باوقار اعزاز کی اہمیت میں گراوٹ ہونے کا خدشہ لاحق ہے۔ یہ صورتحال ظاہر کرتی ہے کہ اقلیتی بہبود کے معاملات میں شفافیت کی شدید کمی ہے، اور اگر یہی روش برقرار رہی، تو نہ صرف مسلمان حکومتی پالیسیوں سے مایوس ہوں گے بلکہ اقلیتی اداروں کی ساکھ بھی متاثر ہوگی۔ مسلمان کرناٹک کی سیاست میں ہمیشہ سے ایک فیصلہ کن عنصر رہے ہیں۔ 2023 کے اسمبلی انتخابات میں مسلمانوں نے کانگریس کو بھاری حمایت دے کر بی جے پی کو اقتدار سے بے دخل کرنے میں اہم کردار ادا کیا تھا، لیکن سوال یہ ہے کہ کیا اقتدار میں آنے کے بعد کانگریس واقعی مسلمانوں کے مسائل حل کرنے میں سنجیدہ ہے، یا یہ بھی محض سیاسی وعدے تھے؟ 7 مارچ کو پیش ہونے والا بجٹ مسلمانوں کے لیے اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ اس میں حکومت اقلیتی بہبود، تعلیمی ترقی، معاشی استحکام، اور 4 فیصد مسلم ریزرویشن جیسے معاملات پر کیا رویہ اختیار کرتی ہے۔ 2023 میں کانگریس کے اقتدار میں آنے کے بعد مسلمانوں کو امید تھی کہ ان کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں کا ازالہ کیا جائے گا، لیکن اقلیتی بہبود کے بجٹ میں کوئی خاص اضافہ نہیں کیا گیا۔ مسلمانوں کے لیے مختص فنڈز وہی رہے جو بی جے پی حکومت میں تھے، اور سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ جو رقم جاری کی گئی، وہ بھی مکمل طور پر خرچ نہیں ہوسکی۔ تعلیمی اسکالرشپس، امداد، اور قرضوں کی اسکیمیں بیوروکریسی کی تاخیری پالیسیوں اور عدم دلچسپی کا شکار رہیں، جس کے باعث کئی مستحق طلبہ اور ادارے امداد سے محروم رہے۔ اسی طرح، 4 فیصد مسلم ریزرویشن کی بحالی کا مسئلہ بھی التوا کا شکار ہے۔ بی جے پی حکومت نے مسلمانوں کے لیے مخصوص 4 فیصد کوٹے کو ختم کرکے اسے لنگایت اور ووکلیگا برادریوں میں تقسیم کردیا تھا، جس کے خلاف کانگریس نے انتخابات کے دوران شدید احتجاج کیا تھا۔ لیکن اقتدار میں آنے کے بعد، اس معاملے میں کوئی عملی پیش رفت نظر نہیں آتی۔ اگر بجٹ میں بھی اس حوالے سے کوئی ٹھوس اعلان نہیں کیا جاتا، تو یہ حکومت کی نیت پر سوالیہ نشان چھوڑ دے گا۔ جب دیگر طبقات پر نظر ڈالی جائے تو واضح ہوتا ہے کہ حکومت ان کے مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کررہی ہے۔ درج فہرست ذاتوں اور قبائل کے لیے خصوصی پیکیجز، لنگایت اور ووکلیگا برادری کے لیے نئی اسکیمیں، اور دیگر پسماندہ طبقات کے لیے علیحدہ فنڈز مختص کیے جارہے ہیں، لیکن مسلمانوں کے معاملے میں کوئی ٹھوس پالیسی نظر نہیں آرہی۔ اگر کرناٹک حکومت واقعی مسلمانوں کے ساتھ انصاف کرنا چاہتی ہے، تو ضروری ہے کہ اقلیتی بہبود کے بجٹ میں کم از کم 000,10 کروڑ روپے مختص کیے جائیں، تاکہ تعلیمی و معاشی ترقی کے لیے مؤثر اسکیمیں نافذ کی جاسکیں، ۔ 4 فیصد مسلم ریزرویشن کی بحالی کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں اور اسے عملی طور پر نافذ کیا جائے۔ اقلیتی اداروں، مدارس، اور مسلم تعلیمی مراکز کو براہ راست حکومتی امداد فراہم کی جائے، تاکہ وہ اپنی خدمات جاری رکھ سکیں۔ بیوروکریسی کی رکاوٹوں کو دور کرکے اقلیتی اسکالرشپس اور فلاحی اسکیموں کے فنڈز جلد از جلد جاری کیے جائیں۔ مسلمانوں کی سیاسی و سماجی شراکت داری کو یقینی بنانے کے لیے کابینہ میں ان کی نمائندگی بڑھائی جائے اور پالیسی سازی میں ان کی رائے کو شامل کیا جائے۔ اگر اس بجٹ میں بھی مسلمانوں کو نظرانداز کیا گیا، تو اس کا اثر سیاسی منظرنامے پر نمایاں ہوگا۔ مسلمان ہمیشہ سیکولر قوتوں کے حامی رہے ہیں، لیکن اگر ان کے مسائل حل نہ کیے گئے، تو وہ متبادل راستے تلاش کرنے پر مجبور ہوجائیں گے۔ بجٹ کے فیصلے وقتی نہیں ہوتے، بلکہ ان کے اثرات طویل مدت تک قائم رہتے ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ 7 مارچ کا بجٹ مسلمانوں کے لیے امید کی کرن بنے گا، یا مایوسی میں مزید اضافہ کرے گا۔

### فلسطینیوں کو رسد کی ضمانت کے لیے

## اسرائیل کو پابند کرنے کے لیے مشاورتی رائے کا مطالبہ

کویت سٹی: ا؍مارچ: خلیجی ریاست کویت نے بین الاقوامی عدالت انصاف میں ایک تحریری درخواست جمع کرائی ہے کہ وہ فلسطینیوں کو رسد کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے قابض اسرائیل کے عزم کے بارے میں مشاورتی رائے جاری کرے۔ کویت کی وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ "ریاست کویت نے جس کی نمائندگی وزارت خارجہ اور دی ہیگ میں اس کے سفارتی مشن نے کی ہے نے جمعہ کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی قرارداد نمبر 79/232 کے مطابق مشاورتی رائے سے متعلق ایک تحریری درخواست جمع کرائی جس میں بین الاقوامی عدالت انصاف سے مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں اقوام متحدہ، دیگر بین الاقوامی تنظیموں اور تیسرے ممالک کی موجودگی اور سرگرمیوں کے حوالے سے قابض طاقت کے طور پر اسرائیلی ذمہ داریوں کے بارے میں مشاورتی رائے جاری کرنے کو کہا گیا ہے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ عالمی عدالت فلسطینیوں کی بقا کے لیے بلا روک ٹوک امداد کی فراہمی کو یقینی بنانے، فلسطینی شہری آبادی کی بنیادی سہولیات اور فلسطینی شہریوں کی ترقی کے ساتھ اتھ ان کے حق خودارادیت کے لیے کوششیں تیز کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔ کویتی وزارت خارجہ نے مزید کہا کہ "ریاست کویت کی درخواست میں قابض اسرائیل کی طرف سے اقوام متحدہ کے چارٹر اور اقوام متحدہ کے استحقاق اور استثنی کے کنونشن کی خلاف ورزی ظاہر ہوتی ہے۔ اس بات کو یقینی بنانا ضروری ہے کہ آیا صہیونی ریاست ایک قابض طاقت کے طور پر فلسطینیوں کی بنیادی ضروریات کا اور ان کے بنیادی انسانی حقوق کا کس حد تک خیال رکھتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس درخواست میں "قابض اسرائیل کو بین الاقوامی قانون اور بین الاقوامی انسانی قوانین کی پابندی کرنے اور غزہ کی پٹی کے خلاف اپنی جارحیت کو روکنے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ انہوں نے فلسطینی کاز کی حمایت میں ریاست کویت کے اصولی اور پختہ موقف اور فلسطینی عوام کو ان کے تمام جائز حقوق کے حصول کو یقینی بنانے کے لیے تمام بین الاقوامی کوششیں تیز کرنے پر زور دیا۔

## ہزاروں فلسطینیوں نے مسجد اقصی میں پہلی نماز تراویح ادا کی

مقبوضہ بیت المقدس، ا؍مارچ: قابض فوج کی طرف سے عائد پابندیوں کے باوجود ہزاروں فلسطینیوں نے رمضان المبارک کی پہلی رات جمعہ کی شام مسجد اقصی میں نماز تراویح ادا کی۔ مسجد اقصی میں نماز تراویح کے سامنے آنے والے مناظر دیکھا جاسکتا ہے کہ ہزاروں نمازی مسجد اقصی میں بہ جماعت نماز تراویح ادا کررہے ہیں۔ خیال رہیکہ قابض صہیونی حکام نے حسب سابق 55 سال سے کم عمر مردوں، 50 سال سے کم عمر کی خواتین اور 10 سال سے زائد عمر کے بچوں کے مسجد اقصی میں داخلے پر پابندیاں عاید کررکھی ہیں۔ خیال رہے کہ جمعہ کی شام فلسطین میں رویت ہلال کمیٹی اور علما کونسل کی طرف سے ماہ صیام کا چاند دیکھنے کے بعد آج یکم رمضان المبارک کا اعلان کیا تھا۔ مفتی اعظم نے ایک بیان میں کہا کہ مسجد اقصی میں دارالافتا کی جانب سے ماہ رمضان المبارک کے چاند کی رویت کی پیروی کے لیے علما کرام، سرکاری اور مشہور شخصیات کی موجودگی میں اور فلسطین کے اندر اور باہر کے ماہرین فلکیات کے تخمینے کی بنیاد پر ماہ رمضان کی ولادت باسعادت کے حوالے سے اجلاس منعقد کیا گیا۔ شرعی لحاظ سے یہ ثابت ہوا کہ ماہ رمضان المبارک کا چاند آج رات نظر آگیا ہے اور اس لحاظ سے بروز ہفتہ یکم مارچ 2025 کو اس سال رمضان المبارک کے بابرکت مہینے کا پہلا روزہ ہوگا۔ دوسری جانب قابض اسرائیلی قابض ریاست نے اعلان کیا ہے کہ وہ فلسطینیوں کے خلاف بڑھتے ہوئے اقدام میں رمضان المبارک کے دوران مسجد اقصی میں نماز ادا کرنے پر سکیورٹی پابندیاں عائد ہوں گی۔ مسجد اقصی رمضان کے مہینے میں لاکھوں فلسطینی عبادت کے لیے آتے ہیں، خاص طور پر نماز جمعہ اور تراویح کی ادائیگی کے لیے بعض اقات لاکھوں فلسطینیوں کا مجمع جمع ہوتا ہے۔ دوسری طرف اسرائیلی فوج اور پولیس منظم پالیسی کے تحت فلسطینی نمازیوں اور روزہ داروں کو قبلہ اول تک رسائی سے روکنے کے لیے طاقت کے استعمال سمیت دیگر مکروہ ہتھکنڈے استعمال کرتی ہے۔

## دمشق: المزہ فوجی اڈا اجتماعی قبر میں تبدیل

دمشق، ا؍مارچ: شام میں جہاں ہزاروں شہری 14 برس تک جاری رہنے والی جنگ کے دوران اپنے لاپتا ہوجانے والے پیاروں کو تلاش کررہے ہیں، وہاں سابق حکومت کے ہاتھوں گرفتار ہونے والے سیکڑوں شامیوں کا انجام ابھی تک نامعلوم ہے۔ انسانی حقوق سے متعلق ایک رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ دمشق کے اطراف واقع ایک فوجی اڈے پر ایک ہزار سے زیادہ شامی دوران حراست اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ ان افراد کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا یا پھر دوران حراست تشدد اور اذیت رسانی کا شکار ہوکر چل بسے۔ رپورٹ تیار کرنے والے شامی مرکز برائے انصاف و تحقیقات نے واضح کیا کہ اس نے تقریباً 7 اجتماعی قبروں کے مقامات کا تعین کیا۔

## اسرائیل کو جنگ بندی کے اگلے مرحلے پر مجبور کیا جائے، حماس

غزہ، ا؍مارچ: حماس نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ اسرائیل کو مجبور کرے کہ وہ بلا تاخیر جنگ بندی کے دوسرے مرحلے کا آغاز کرے۔۔ مصری سکیورٹی ذرائع کے مطابق اسرائیل غزہ جنگ بندی کے پہلے مرحلے میں 42 دنوں کی توسیع کی کوشش کررہا ہے۔ خبروں کے مطابق حماس نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے، "ہم بین الاقوامی برادری سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اسرائیل پر دبا ڈالے کہ وہ معاہدے میں طے شدہ اپنے کردار پر قائم رہے اور بنا کسی تاخیر کے معاہدے کے دوسرے مرحلے میں فوری طور پر داخل ہو۔ حماس کی طرف سے یہ بیان غزہ جنگ بندی معاہدے کے پہلے مرحلے کی مدت ختم ہونے سے ایک روز قبل سامنے آیا ہے۔ اسرائیل غزہ جنگ بندی کے پہلے مرحلے میں چھ ہفتوں کی توسیع کا خواہاں: قاہرہ میں موجود اسرائیلی وفد غزہ جنگ بندی کے پہلے مرحلے میں 42 دنوں کی توسیع کے لیے کوشش کررہا ہے۔ خبروں کے مطابق یہ بات مصر کے دو سکیورٹی ذرائع کے حوالے سے بتائی ہے۔ ان ذرائع کے مطابق تاہم حماس معاہدے کے پہلے مرحلے میں توسیع کی بجائے، طے شدہ پروگرام کے مطابق جنگ بندی کے دوسرے مرحلے پر مذاکرات شروع کرنے کے حق میں ہے۔ خیال رہے کہ غزہ جنگ بندی معاہدے کے پہلے مرحلے پر عملدرآمد 19 جنوری کو شروع ہوا تھا اور یکم مارچ کو ختم ہورہا ہے۔ جنگ بندی کے پہلے مرحلے تحت حماس نے اپنے قبضے میں موجود 25 زندہ اسرائیلی اور دوہری شہریت رکھنے والے یرغمالیوں کو رہا کیا، جبکہ اس کے بدلے میں اسرائیل نے اپنی جیلوں میں موجود 1900 کے قریب قیدیوں کو رہا کیا۔ حماس نے اس معاہدے سے ہٹ کر اپنے قبضے میں موجود پانچ تھائی باشندوں کو بھی رہا کیا۔ فوج سات اکتوبر کے حملے کو روکنے میں مکمل طور پر ناکام رہی، اسرائیلی تحقیقات: اسرائیلی فوج کی طرف سے داخلی تحقیقات کے نتائج جمعرات 27 فروری کو جاری کیے گئے، جن میں یہ بات تسلیم کی گئی ہے کہ اسرائیلی فوج سات اکتوبر کے حملے کو روکنے مکمل طور پر ناکام رہی۔ خبروں کے مطابق یہ بات اسرائیلی فوج کے ایک اہلکار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتائی۔ اس اہلکار کے مطابق اسرائیل کے اندر "اس دن بہت زیادہ سویلین مرے جب فوج ان کے تحفظ میں ناکام رہی۔ اس داخلی تحقیقات سے متعلق بریفنگ کے دوران ایک سینئر فوجی اہلکار نے بتایا کہ اسرائیلی فوج نے یہ بات تسلیم کی ہے کہ وہ" ضرورت سے زیادہ پر اعتماد تھی اور حملے سے قبل اسے حماس کی فوجی صلاحیتوں کے بارے میں غلط فہمیاں تھیں۔ اس داخلی تحقیقات کے نتائج جاری کیے جانے کے بعد اسرائیلی فوج کے سربراہ جنرل ہیرزی ہلیوی نے کہا" ، اس کی ذمہ داری ان پر ہے۔ ہلیوی سات اکتوبر کی ناکامی کو تسلیم کرتے ہوئے گزشتہ ماہ اپنے عہدے سے استعفی دے چکے ہیں۔ حماس اور اس کے اتحادیوں نے سات اکتوبر 2023 کو اسرائیل کے اندر دہشت گردانہ حملہ کیا تھا۔ اسرائیلی سرکاری اعداد و شمار کے مطابق حماس کے حملے کے نتیجے میں 1215 افراد ہلاک ہوئے جن میں زیادہ تر عام شہری تھے۔ حماس نے اس حملے کے دوران 251 افراد کو یرغمال بنایا تھا۔ غزہ میں اب بھی 62 یرغمالی موجود ہیں۔ اسرائیلی فوج کے مطابق ان میں سے 35 ہلاک ہوچکے ہیں۔ حماس کے زیر انتظام علاقے کی وزارت صحت کے اعداد و شمار کے مطابق اسرائیل کی جوابی کارروائیمیں غزہ میں کم از کم 319,48 افراد ہلاک ہوئے ہیں، جن میں اکثریت بچوں اور خواتین کی ہے۔

